صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 22 جنوری 2016ء 11 ربیع الثانی 1437 ہجری 22 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 19

ثمار اُلفت

یقیں دلاتے رہے ہیں دنیا کو تیری الفت کا مدتوں سے
جو آج تو نے نہ کی رفاقت کسی کو کیا منہ دکھائیں گے ہم
پڑے ہیں پیچھے جو فلسفے کے انہیں خبر کیا کہ عشق کیا ہے
مگر ہیں ہم رہرو طریقت ثمار اُلفت ہی کھائیں گے ہم

(حضرت مصلح موعود)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تقویٰ والے پر خدا کی ایک تجلی ہوتی ہے وہ خدا کے سایہ میں ہوتا ہے، مگر چاہئے کہ تقویٰ خالص ہو اور اس میں شیطان کا کچھ حصہ نہ ہو ورنہ شرک خدا کو پسند نہیں اور اگر کچھ حصہ شیطان کا ہو تو خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ سب شیطان کا ہے۔ خدا کے پیاروں کو جو دکھ آتا ہے وہ مصلحت الٰہی سے آتا ہے؛ ورنہ ساری دنیا اکٹھی ہو جائے، تو ان کو ایک ذرہ بھر تکلیف نہیں دے سکتی؛ چونکہ وہ دنیا میں نمونہ قائم کرنے کے واسطے ہیں۔ اس واسطے ضروری ہوتا ہے کہ خدا کی راہ میں تکالیف اٹھانے کا نمونہ بھی وہ لوگوں کو دکھائیں؛ ورنہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے کسی بات میں اس سے بڑھ کر تردّد نہیں ہوتا کہ اپنے ولی کی قبضِ روح کروں۔ خدا تعالیٰ نہیں چاہتا کہ اس کے ولی کو کوئی تکلیف آوے، مگر ضرورت اور مصالح کے واسطے وہ دکھ دیئے جاتے ہیں اور اس میں خود ان کے لئے نیکی ہے، کیونکہ ان کے اخلاق ظاہر ہوتے ہیں............

تقویٰ کا مضمون باریک ہے۔ اس کو حاصل کرو۔ خدا کی عظمت دل میں بٹھاؤ۔ جس کے اعمال میں کچھ بھی ریاکاری ہو خدا اس کے عمل کو واپس الٹا اس کے منہ پر مارتا ہے۔ متقی ہونا مشکل ہے۔ مثلاً اگر کوئی تجھے کہے کہ تُو نے قلم چرایا ہے تو تُو کیوں غصہ کرتا ہے۔ تیرا پرہیز تو محض خدا کے لئے ہے۔ یہ طیش اس واسطے ہوا کہ رو بحق نہ تھا۔ جب تک واقعی طور پر انسان پر بہت سی موتیں نہ آ جائیں وہ متقی نہیں بنتا۔ معجزات اور الہامات بھی تقویٰ کی فرع ہیں۔ اصل تقویٰ ہے۔ اس واسطے تم الہامات اور رویاء کے پیچھے نہ پڑو، بلکہ حصول تقویٰ کے پیچھے لگو۔ جو متقی ہے، اسی کے الہامات بھی صحیح ہیں اور اگر تقویٰ نہیں، تو الہامات بھی قابل اعتبار نہیں۔ ان میں شیطان کا حصہ ہو سکتا ہے۔ کسی کے تقویٰ کو اس کے مُلہم ہونے سے نہ پہچانو، بلکہ اس کے الہاموں کو اس کی حالت تقویٰ سے جانچو اور اندازہ کرو۔ سب طرف سے آنکھیں بند کر کے پہلے تقویٰ کے منازل کو طے کرو۔ انبیاء کے نمونہ کو قائم رکھو۔ جتنے نبی آئے، سب کا مدعا یہی تھا کہ تقویٰ کی راہ سکھلائیں۔............ مگر قرآن شریف نے تقویٰ کی باریک راہوں کو سکھلایا ہے۔............ جو اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہے اور معجزات دیکھنا چاہے اور خوارق عادت دیکھنا منظور ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنی زندگی بھی خارق عادت بنا لے۔ دیکھو امتحان دینے والے محنتیں کرتے کرتے مدقوق کی طرح بیمار اور کمزور ہو جاتے ہیں۔ پس تقویٰ کے امتحان میں پاس ہونے کے لئے ہر ایک تکلیف اٹھانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ جب انسان اس راہ پر قدم اٹھاتا ہے، تو شیطان اس پر بڑے بڑے حملے کرتا ہے، لیکن ایک حد پر پہنچ کر آخر شیطان ٹھہر جاتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب انسان کی سفلی زندگی پر موت آ کر وہ خدا کے زیر سایہ ہو جاتا ہے۔ وہ مظہر الٰہی اور خلیفۃ اللہ ہوتا ہے۔ مختصر خلاصہ ہماری تعلیم کا یہی ہے کہ انسان اپنی تمام طاقتوں کو خدا کی طرف لگا دے۔

(ڈائری حضرت مسیح موعود 3 جون 1901ء)

جلسہ سالانہ بنگلہ دیش سے

حضور انور کا اختتامی خطاب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ کے موقع پر اختتامی خطاب ارشاد فرمائیں گے۔ یہ خطاب ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر پاکستانی وقت کے مطابق مورخہ **7 فروری 2016ء کو 2:45 بجے دوپہر** براہ راست نشر ہوگا۔ نیز نشر مکرر کے اوقات درج ہوں گے۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

7 فروری	11:30pm
8 فروری	6:00 am
10 فروری	7:00pm, 12:00pm
11 فروری	6:30am
13 فروری	11:20pm, 12:15pm
14 فروری	6:30am

ایٹمی تابکاری کے بداثرات سے

محفوظ رہنے کیلئے ہومیو پیتھک نسخہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت ایٹمی تابکاری کے بداثرات سے محفوظ رہنے کیلئے حفظِ ماتقدم کے طور پر درج ذیل نسخہ استعمال کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔

بڑی عمر کے افراد کے لئے:

1. Carcinosin CM
2. Radium Brom CM

10 سے 15 سال کے بچوں کے لئے:

1. Carcinosin 1000
2. Radium Brom 1000

10 سے کم عمر کے بچوں کے لئے:

1. Carcinosin 200
2. Radium Brom 200

پہلے ہفتہ دوائی نمبر 1 کی ایک خوراک اور دوسرے ہفتہ دوائی نمبر 2 کی ایک خوراک لیں۔ پھر تیسرے ہفتہ دوائی نمبر 1 کی ایک خوراک اور چوتھے ہفتہ دوائی نمبر 2 کی ایک خوراک لیں اور اسی ترتیب سے سب دونوں دواؤں کی 3 سے 4 خوراکیں لیں۔

(حفیظ احمد بھٹی صاحب۔ ہومیو پیتھک ڈیپارٹمنٹ یوکے)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مشعل راہ

اللہ اور دین سے دور لے جانے والی مجلس سے بچیں

سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 16 جولائی 2004ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت ضرغامہؓ بیان کرتے ہیں کہ: میرے والد صاحب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آپ مجھے کوئی نصیحت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جب تم کسی قوم کی مجلس میں جاؤ اور انہیں اپنے مزاج کی باتیں کرتے پاؤ تو وہاں ٹھہرو۔ اور اگر وہ ایسی باتوں میں مشغول ہوں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو تو اس مجلس کو چھوڑ دیا کرو۔

(مسند احمد اوّل مسند الکوفیین حدیث حرملة العنبری)

تو یہاں بھی مختلف قسم کے لوگ ہیں مختلف ملکوں سے آئے ہوئے ہیں ان یورپین ممالک میں بھی اور دوسرے ملکوں میں بھی آجکل تو معاشرہ اتنا مکس اپ (Mixup) ہو گیا ہے، آپس سے تعلق بھی بنتے ہیں، رابطے بھی ہوتے ہیں تو ایسے رابطوں کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ایسی دوستیاں اب قائم ہو جائیں اور دوستیاں بڑھانے کی خاطر ان لوگوں کی ہر قسم کی فضول مجالس میں بھی شامل ہوا جائے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا کہ جہاں مزاج کے مطابق بات نہ ہو۔ اس مجلس سے اٹھ جانا چاہئے۔ جہاں صرف شور شرابا اور 'ہُو ہا' ہو رہا ہے۔ بلاوجہ غل غپاڑا مچایا جا رہا ہے۔ یہاں نوجوانوں میں اکثر بلاوجہ شور مچانے کی عادت ہے۔ پھر غلط قسم کی لڑکوں اور لڑکیوں کی دوستیاں ہیں تو ان سے ہمارے نوجوانوں کو چاہئے کہ بچیں ان لوگوں میں تو یہ عادت اس وجہ سے بھی ہے کہ ان کو دین کا پتہ کچھ نہیں، ان کا دین کا خانہ خالی ہے۔ ان کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے مزے کا نہیں پتہ، اس لئے وہ اپنی باتوں میں، اس شور شرابے میں، سکون اور سرور تلاش کر رہے ہوتے ہیں۔ مگر ہمارے نوجوانوں کو ہمارے لوگوں کو تو اللہ تعالیٰ سے ملنے کے راستے حضرت اقدس مسیح موعود نے اس زمانے میں سکھا دیئے ہیں۔ اس لئے ہمیشہ ایسی مجالس جو لہو و لعب کی مجلسیں ہوں، فضول قسم کی مجلسیں ہوں اور تاش اور ناچ گانے وغیرہ کی مجلسیں ہوں، شراب وغیرہ کی مجلسیں ہوں، ان سے بچتے رہنا چاہئے۔

اگر انسانیت کی ہمدردی ہے تو یہ کوشش ضرور کرنی چاہئے کہ ان لوگوں کو بھی ان چیزوں سے بچانے کے لئے صحت مند کھیلوں کی طرف لائیں۔ لیکن ان سے متأثر ہونے کی ضرورت نہیں۔ جن دو مجالس کا میں نے ذکر کیا، آنحضرت ﷺ نے ہماری رہنمائی فرمائی ہے کہ کس قسم کی مجالس ہیں جن میں ہمیں بیٹھنا چاہئے۔ اور مجالس کے حقوق کیا ہیں اور آداب کیا ہیں۔ ایک روایت میں آتا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجالس تین قسم کی ہوتی ہیں۔ سلامتی والی، غنیمت والی یعنی زائد فائدہ دینے والی اور ہلاک کرنے دینے والی مجالس۔

(مسند احمد باقی مسند المکثرین مسند ابی سعید الخدری)

تو جیسا کہ پہلے بھی ذکر گزر چکا ہے کہ ایسی مجلسوں سے ہمیشہ بچنا چاہئے جو دین سے دور لے جانے والی ہوں، جو صرف کھیل کود میں مبتلا کرنے والی ہوں۔ ایسی مجلسیں جو اللہ تعالیٰ سے دُور لے جانے والی مجلسیں ہیں وہ یہی نہیں کہ صرف اللہ تعالیٰ سے دور لے جاتی ہیں بلکہ بعض دفعہ مکمل طور پر، بعض دفعہ کیا یقینی طور پر انسان کی ہلاکت کا سامان پیدا کر دیتی ہیں۔ اس لئے ہمیشہ ایسی مجالس کی تلاش رہنی چاہئے جہاں سے امن و سکون اور سلامتی ملتی ہو۔

(روزنامہ الفضل یکم فروری 2005ء)

خطبہ نکاح مورخہ 17 نومبر 2013ء بمقام: بیت الفضل لندن

بیان فرمودہ: سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

تشہد و تعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اس وقت میں دو نکاحوں کا اعلان کروں گا۔ پہلا نکاح عزیزہ سلمہ سوسن فاروقی کا ہے جو واقفہ نو ہیں مکرم رفیع احمد فاروقی صاحب کینیڈا کی بیٹی ہیں ان کا نکاح عزیزم محمد اسماعیل وقف نو ابن مکرم ڈاکٹر محمد ظفر اللہ صاحب گھانا کے ساتھ دس ہزار کینیڈین ڈالر حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا: یہ گھانا میں رہتے ہیں تو کینیڈین ڈالر سے کیسے؟ کہاں ہیں فاروقی صاحب؟

فاروقی صاحب نے عرض کیا کہ وہ تو گھانا میں رہتے ہیں لیکن لڑکی کینیڈا کی ہے۔

حضور انور نے فرمایا لڑکی کینیڈا میں رہتی ہے لیکن لڑکا تو گھانا میں ہے؟

پھر حضور انور نے فرمایا: دلہن کے ولی اس کے والد ہیں اور دلہا کے وکیل بخاری ٹومی کالون صاحب ہیں۔

فریقین میں ایجاب و قبول کرواتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لڑکے کے وکیل مکرم بخاری ٹومی کالون صاحب سے انگریزی میں ایجاب و قبول کروایا اور پھر اگلے نکاح کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا:

دوسرا نکاح عزیزہ سعدیہ قمر واقفہ نو کا ہے جو ذوالفقار احمد قمر صاحب کی بیٹی ہیں۔ اس کا نکاح عزیزم ذوالقرنین چوہدری ابن مکرم محمد اکرم چوہدری صاحب آف مجم کے ساتھ دس ہزار پاؤنڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یہ رشتے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ نیک نسل ان سے پیدا فرمائے۔ ان کو بھی دین پر قائم رکھے اور ان کی نسلوں کو بھی دین پر قائم رکھے۔ خلافت اور جماعت سے وفا کا تعلق رکھنے والے ہوں اور جو واقفہ نو اور واقف نو ہیں، یہ اپنے وقف کو صرف ٹائٹل نہ سمجھیں بلکہ اس کا حق ادا کرنے والے ہوں۔

دونوں نکاحوں کے اعلان اور فریقین کے درمیان ایجاب و قبول کروانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارکباد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب مربی سلسلہ)

☆..................☆..................☆

رات کو رونے والے

میرے فردا کے لئے رات کو رونے والے
تجھ کو کب جانتے ہیں چین سے سونے والے

دیکھ آنے کو ہے عالم پہ کوئی تازہ بہار
خواب آئندہ سے تکیوں کو بھگونے والے

وہ جو اس پار ہیں سرگرداں سرِ حلقۂ غیر
کوئی پل جاتا ہے سب ہیں تیرے ہونے والے

تیری آواز کے قدموں سے لپٹ جاتا ہوں
مجھ سے بے جاں میں نئی جان سمونے والے

اب یہی دھن ہے کہ ہر زخم کو تازہ رکھوں
میرے زخموں کو بہت ناز سے دھونے والے

احمد مبارک

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

حواری رسولؐ۔ حضرت زبیرؓ بن العوام

نام و نسب

آپ کا نام زبیرؓ والد کا نام عوام اور والدہ کا نام صفیہ تھا کنیت ابوعبداللہ تھی۔ نسب پانچویں پشت میں نبی کریم ﷺ سے مل جاتا ہے۔ آپ کی والدہ حضرت صفیہؓ آنحضرت ﷺ کی پھوپھی تھیں اور ام المومنین حضرت خدیجہؓ کے آپ حقیقی بھتیجے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ کے داماد ہونے کے لحاظ سے آنحضرت ﷺ سے ہم زلف ہونے کی نسبت بھی تھی۔

آپ ہجرت نبوی سے 28 سال قبل پیدا ہوئے۔ والد بچپن میں انتقال کر گئے تھے۔ والدہ نے تربیت میں تادیب اور سختی سے کام لیا۔ آپ کہا کرتی تھیں کہ اس کا مقصد زبیر کو ایک دانا اور بہادر انسان بنانا ہے۔ لڑکپن کا واقعہ ہے مکہ میں ایک نوجوان کے ساتھ آپ کا جھگڑا ہوگیا۔ اس کو ایسا مُکّہ مارا کہ اس کا ہاتھ ٹوٹ گیا۔ حضرت صفیہؓ کو خبر پہنچی تو اس زمانہ کے حالات کے لحاظ سے انہوں نے بڑا دلچسپ تبصرہ کیا۔ شکایت کرنے والوں سے پوچھا پہلے بتاؤ کہ تم نے زبیر کو کیسا پایا۔ بہادر یا بزدل؟

(اصابہ جز3ص 6)

حضرت زبیرؓ کا قد لمبا تھا اور رنگ سفید، جسم ہلکا پھرتیلا، رخسار ہلکے، داڑھی بھی ہلکی اور سرخی مائل تھی۔

(ابن سعد جلد3ص107، مجمع الزوائد جلد 9 ص 150، منتخب کنزالعمال برحاشیہ مسند جلد 5ص 70)

قبول اسلام اور تکالیف

حضرت زبیرؓ نے سولہ برس کی عمر میں پانچویں یا چھٹے نمبر پر اسلام قبول کیا اور قبول اسلام میں سبقت لینے والوں میں آپ کا ممتاز مقام تھا۔ کم سن ہونے کے باوجود بہادری اور جاں نثاری آپ کا طرہ امتیاز تھی۔ قبول اسلام کے بعد کوئی ایسا غزوہ نہیں ہوا جس میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شرکت نہ کی ہو۔ (ابن سعد جلد3ص102)

اسلام کے ابتدائی زمانہ مخالفت کی بات ہے کسی نے مشہور کردیا کہ نبی کریمؐ کو مشرکین نے گرفتار کرلیا ہے۔ حضرت زبیرؓ نے سنتے ہی تلوار سونتی اور فوراً رسول اللہؐ کے پاس پہنچے۔ رسول اللہؐ نے دیکھ کر پوچھا یہ کیا۔ عرض کیا کہ حضورؐ میں تو آپؐ کی گرفتاری کا سن کر دیوانہ وار آپ کی طرف چلا آیا ہوں۔ رسول اللہؐ نے نہ صرف اس جاں نثار فدائی کے لئے دعا کی بلکہ آپ کی تلوار کے لئے بھی دعا کی۔

(اسد الغابہ جلد2ص197)

ابتدائے اسلام میں حضرت زبیرؓ پر بھی بہت سختیاں ہوئیں ان کا چچا ان کو چٹائی میں باندھ کر دھوئیں کی دھونی دیتا آپ کا دم گھٹنے لگتا۔ مگر آپ کلمۂ توحید کو چھوڑنے کے لئے تیار نہ ہوئے اور ہمیشہ یہی کہتے رہے کہ جو چاہو کرلو میں اس دین سے انکار نہیں کرسکتا۔

(مجمع الزوائد جلد9ص 151)

ظلم وستم انتہا کو پہنچا تو حبشہ ہجرت کی اور پھر کچھ عرصہ کے بعد مدینہ ہجرت کی سعادت پائی۔

شجاعت

ہجرت مدینہ کے بعد حضرت سلمہؓ بن سلامہ سے بھائی چارہ ہوا جو بیعت عقبہ میں شریک ہونے والے انصار میں سے معزز بزرگ تھے۔ آپ کی شجاعت و بہادری ضرب المثل تھی۔ غزوہ بدر میں زرد رنگ کا عمامہ سر پہ باندھ رکھا تھا۔ مسلمانوں کے گھوڑوں میں سے ایک پر وہ سوار تھے۔ اس جنگ میں وہ اس جانبازی اور دلیری سے لڑے کہ جس طرف نکل جاتے دشمن کی صفیں تہہ و بالا کر کے رکھ دیتے۔ مشہور تھا کہ اس روز فرشتے بھی زبیرؓ کی پگڑی جیسی زرد پگڑیاں پہنے نازل ہوئے تھے۔

(اسد الغابہ جلد 2 ص 197، ابن سعد جلد3 ص 102)

ایک مشرک نے بلند ٹیلے پر کھڑے ہوکر دعوتِ مبارزت دی حضرت زبیرؓ لپک کر اس پر حملہ آور ہوئے۔ مگر تھوڑی دیر میں قلابازیاں کھاتے ہوئے ٹیلے سے نیچے آنے لگے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ دونوں میں سے جو پہلے زمین پر آرہے گا وہی ہلاک ہوگا اور ایسا ہی ہوا وہ مشرک پہلے زمین پر گرا اور مارا گیا۔

میدان بدر میں ایک اور سورما عبیدہ بن سعید سر سے پاؤں تک زرہ بند تھا اور صرف آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ حضرت زبیرؓ اس کے مقابلے میں بھی نکلے اور تاک کر اُس کی آنکھ میں ایسا نیزہ مارا کہ وہ دوسری طرف سے باہر نکل گیا۔ اس کی لاش پر بیٹھ کر بمشکل کھینچ کر نیزہ نکالا گیا تو پھل ٹیڑھا ہو چکا تھا۔ آنحضرتؐ نے زبیر کی بہادری کے نشان کے طور پر وہ نیزہ حضرت زبیرؓ سے مانگ کر اپنے پاس رکھ لیا تھا۔ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد خلفائے راشدین میں یہ امانت بطور تبرک منتقل ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ حضرت عثمانؓ کے بعد حضرت زبیرؓ کے بیٹے حضرت عبداللہؓ کے پاس یہ نیزہ پہنچا۔ جو ان کی وفات تک ان کے پاس رہا۔

حضرت زبیرؓ نے جس بے جگری سے میدان بدر میں داد شجاعت دی اس کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ سارا بدن زخموں سے چھلنی تھا۔ ایک زخم تو اتنا گہرا تھا کہ ہمیشہ کے لئے بدن میں گڑھا پڑ گیا۔ آپؓ کی تلوار میں بدر کے دن گردنیں مارتے مارتے دندانے پڑ گئے تھے۔ بلاشبہ آپ کی اس بہادری پر عرب کے شاعر کا یہ شعر صادق آتا ہے

وَلَا عَیبَ فِیهِم غَیرَ أنَّ سُیُوفَهُم
بِهِنَّ فُلُولٌ مِن کِرَاعِ الکَتَائِبِ

کہ ان بہادروں میں کوئی عیب نہیں۔ اگر ہے تو بس یہ کہ ان کی تلواروں میں لڑائی اور جنگ آزمائی کے باعث بہت دندانے پڑ چکے ہیں اور یوں عرب شاعر نے بظاہر مذمت میں لپٹی ہوئی ان بہادروں کی مردانگی کی ایسی اعلیٰ درجہ کی تعریف کردی کہ اس سے بڑھ کر اور کیا تعریف ہوگی۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوہ بدر)

غزوہ احد اور خندق میں جاں نثاری

غزوہ احد میں مشرکین کے اچانک حملے کے وقت جب بڑے بڑے غازیوں کے پاؤں اکھڑ گئے اور جو چودہ صحابہؓ ثابت قدم رہے ان میں جاں نثار حواری رسول حضرت زبیرؓ بھی تھے۔

جنگ احد میں مشرکین کے واپس جانے کے بعد رسول کریم ﷺ نے جب بعض اطلاعات کی بناء پر یہ خطرہ محسوس کیا کہ دشمن پھر پلٹ کر حملہ آور ہونے کا ارادہ رکھتا ہے تو آپؐ نے فرمایا ہم ان کا تعاقب کریں گے کون ساتھ دے گا۔ تب ستر صحابہ آپ کے ساتھ اس تعاقب میں شریک ہوئے۔ حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ سے فرماتی تھیں ان میں تمہارے نانا ابوبکرؓ اور دادا حضرت زبیرؓ بھی تھے۔

(منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند جلد 5 ص 69، بخاری کتاب المغازی)

غزوہ خندق میں حضرت زبیرؓ کی ڈیوٹی خواتین کی حفاظت پر تھی جس کا حق آپ نے خوب ادا کیا۔ مدینہ کے یہود بنوقریظہ کے ساتھ اگرچہ مسلمانوں کا معاہدہ تھا لیکن مشرکین عرب کا چاروں طرف سے مدینہ پر ہجوم دیکھ کر وہ بھی بدعہدی پر اتر آئے۔ یہ شدید سردی کے دن تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کو آواز دی کہ کوئی ہے جو بنوقریظہ کی خبر لائے؟ مارے سردی کے ان کی آواز نہیں نکل رہی تھی۔ تین مرتبہ رسول اللہؐ کے آواز دینے پر ہر دفعہ ایک ہی آواز آئی اور یہ آواز جس بہادر اور جری پہلوان کی تھی وہ زبیرؓ تھے۔ انہوں نے ہر دفعہ لبیک کہا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! میں اس خدمت کے لئے حاضر ہوں۔ پھر زبیرؓ جاکر دشمن کی خبریں لے آئے۔ جب آپ واپس لوٹے تو رسول اللہ ﷺ نے آپ کی فدائیت سے خوش ہوکر فرمایا "ہر نبی کا ایک حواری یعنی خاص مددگار ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے۔" (بخاری کتاب المناقب باب مناقب زبیرؓ، استیعاب جلد 2ص 91) اس طرح فرمایا "اے زبیر! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں!" حضرت زبیرؓ کو حدیبیہ میں بھی شرکت کی توفیق ملی اور رسول کریمؐ نے بدر اور حدیبیہ میں شرکت کرنے والوں کے بارہ میں فرمایا تھا کہ ان میں سے کوئی آگ میں داخل نہ ہوگا۔

غزوہ خیبر میں بہادری

پھر غزوۂ خیبر کا موقع آیا تو یہود خیبر کا رئیس اور بہادر مرحب حضرت علیؓ سے مقابلہ کرتے ہوئے مارا گیا۔ اس کا بھائی یاسر نہایت غضبناک ہوکر اپنے بھائی کا انتقام لینے کے لئے میدان میں نکلا اور کہا کہ کوئی ہے جو میرے مقابلے پہ آئے حضرت زبیرؓ نے آگے بڑھ کر اس کا مقابلہ کیا اور اس دیوہیکل انسان کے مقابلے پر حضرت زبیرؓ کو جاتے دیکھ کر ماں کی ممتا جاگی۔ آپ کی والدہ صفیہؓ پریشان ہوکر کہنے لگیں کہ آج زبیر کی خیر نہیں۔ مگر رسول خدا ﷺ نے فرمایا نہیں ایسا نہیں ہوگا۔ زبیر اس پر لازماً غالب آئے گا۔ چنانچہ انہوں نے چند ہی لمحوں میں اس بہادر کو زیر کرلیا۔

فتح مکہ اور حنین میں خدمات

فتح مکہ کے موقع پر بھی حضرت زبیرؓ کو کلیدی خدمات کی توفیق ملی۔ پہلے آپ کو حضرت علیؓ کے ساتھ اس مہم میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ جو ایک مخبری کرنے والی شُتر سوار عورت کو گرفتار کرنے کے لئے رسول خدا ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے علم پاکر بھجوائی تھی اور اس سے آپ کامیاب وکامران واپس لوٹے۔ مکے میں داخلے کا وقت آیا دس ہزار قدوسیوں کے لشکر کے چھوٹے چھوٹے دستے بنائے گئے۔ آخری دستہ وہ تھا جس میں خود آنحضرت ﷺ موجود تھے اور اس دستہ کے علمبردار حضرت زبیرؓ تھے۔ مکہ میں فاتحانہ شان سے داخل ہونے کے بعد حضرت زبیرؓ اور حضرت مقدادؓ گھوڑوں پر سوار آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہؐ نے خود بڑی محبت کے ساتھ اپنے دست مبارک سے ان مجاہدوں کے چہروں سے گردوغبار صاف کی اور ان کے مالِ غنیمت کے حصے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ گھوڑسواروں کے لئے ہم نے عام مجاہدین سے دوگنے حصے مقرر کئے ہیں۔ یہ گویا حضرت زبیرؓ کی شاندار خدمات پر رسول اللہؐ کی طرف سے انعام کا اعلان تھا۔

(ابن ہشام جلد 3ص 385)

فتح مکہ کے بعد حنین کا معرکہ پیش آیا۔ حنین کی گھاٹیوں میں چھپے ہوئے تیرانداز مسلمان مجاہدین کی نقل وحرکت دیکھ رہے تھے۔ حضرت زبیرؓ کی بہادری اتنی زبان زد عام اور ضرب المثل تھی کہ کمین گاہوں میں چھپے ہوئے دشمنوں پر جب آپ نے حملے کا ارادہ کیا تو دشمنوں میں سے ایک شخص نے آپ کو پہچان لیا۔ وہ بے اختیار اپنے ساتھیوں کو پکار کر کہنے لگا۔ لات وعُزّیٰ کی قسم یہ طویل القامت شہ سوار یقیناً زبیر ہے۔ اس کا حملہ بڑا خطرناک ہوتا ہے تیار ہوجاؤ۔ اس اعلان کی دیر تھی کہ حضرت زبیرؓ پر ایک دستے نے تیروں کی بوچھاڑ کردی۔ حضرت

زبیرؓ نے نہایت جرأت اور دانشمندی کے ساتھ اس حملے کا مقابلہ کیا اور یہ گھاٹی دشمنوں سے بالکل خالی کروا کر دم لیا۔

جنگ یرموک میں شجاعت

جنگ یرموک میں بھی حضرت زبیرؓ کی غیر معمولی شجاعت دیکھنے میں آئی دورانِ جنگ ایک دفعہ چند نوجوانوں نے زبیرؓ سے کہا کہ اگر آپ دشمن کے قلب لشکر میں گھس کر حملہ کریں تو ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ حضرت زبیرؓ کو تائید الٰہی سے اپنی قوتِ بازو پر ایسا اعتماد تھا فرمانے لگے تم میرا ساتھ نہیں دے سکتے مگر جب ان سب نوجوانوں نے اصرار کیا تو آپؓ نے ان نوجوان بہادروں کے دستے کو ساتھ لیا اور دشمن کے قلب لشکر پر حملہ کر دیا۔ رومی فوج کے قلب کو چیرتے ہوئے تنہا لشکر کے اس پار نکل گئے تمام ساتھی پیچھے رہ گئے تھے پھر آپؓ حملہ کرتے ہوئے واپس لوٹے تو رومیوں نے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور گھیرا ڈال کر ہر طرف سے آپ پر حملہ آور ہو گئے اور سخت زخمی کر دیا۔ آپ کی گردن پر تلواروں کے اتنے کاری زخم آئے کہ اچھے ہونے کے بعد بھی اس میں گڑھے باقی رہ گئے۔

حضرت عروہؓ کہا کرتے تھے حضرت زبیرؓ کی پشت پر بدر کے زخم کے بعد یرموک کے زخم کا گڑھا تھا جس میں انگلیاں داخل کر کے میں بچپن میں کھیلا کرتا تھا۔ (ابن سعد جلد 3 ص 104)

موصل کے ایک بزرگ کی روایت ہے کہ ایک سفر میں میں حضرت زبیرؓ کے ہمراہ تھا انہیں غسل کی ضرورت پیش آئی۔ میں نے ان کے لئے پردہ کیا میری نظر ان کے جسم پر پڑی تو وہ تلواروں کے نشانوں سے جگہ جگہ کٹا ہوا تھا۔ میں نے کہا کہ ایسے زخموں کے نشان میں نے کسی شخص پر نہیں دیکھے انہوں نے فرمایا ان میں ہر زخم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خدا کی راہ میں لگا۔

(بخاری کتاب المناقب باب مناقب زبیرؓ)

ایسے حیرت انگیز مجاہدوں کی شجاعت اور قربانیوں کا ہی نتیجہ تھا کہ رومی فوج بھاگ گئی اور یرموک کے میدان میں مسلمانوں کو فتح ہوئی اور وہ ملک شام کے تاج وتخت کے وارث بنے۔

فتح شام کے بعد حضرت عمرو بن العاصؓ نے مصر کا قصد کیا۔ حضرت عمرؓ نے ان کی مدد کے لئے دس ہزار کی فوج اور چار افسروں کی کمک بھیجی اور لکھا کہ ان افسروں میں سے ایک ایک ہزار سوار کے برابر ہے۔ ان میں سے ایک کمانڈر حضرت زبیرؓ بھی تھے۔ حضرت عمرو بن العاصؓ نے محاصرہ فسطاط کے جملہ انتظامات ان کے سپرد فرمائے تھے۔ سات ماہ ہو گئے محاصرہ ٹوٹنے کو نہ آتا تھا۔ حضرت زبیرؓ نے ایک دن تنگ آ کر کہا کہ آج میں مسلمانوں پر اپنی جان فدا کرتا ہوں۔ یہ کہہ کر ننگی تلوار ہاتھ میں لئے قلعہ کی دیوار کے ساتھ سیڑھی لٹکائی اور اوپر چڑھ گئے تا کہ فصیل کو پھلانگ کر قلعے میں داخل ہو جائیں۔ چند اور صحابہ نے بھی ساتھ دیا۔ فصیل پر پہنچ کر سب نے ایک ساتھ نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔ تمام فوج نے جواباً ساتھ دیا۔ فسطاط کی سرزمین نعرہ ہائے تکبیر سے دہل اُٹھی۔ عیسائی سمجھے کہ مسلمان قلعے کے اندر گھس آئے ہیں وہ بدحواس ہو کر بھاگے۔ دریں اثناء حضرت زبیرؓ نے موقع پا کر قلعے کا دروازہ کھول دیا۔ اسلامی فوج اندر داخل ہو گئی اور مقوقس شاہ مصر کی درخواست پر ان کے ساتھ صلح کا معاہدہ طے پایا۔

خلفاء کا اعتماد

حضرت عمرؓ نے حضرت زبیرؓ کی ذہانت و فراست اور آپ کی خدمات کے باعث انتخاب خلافت کمیٹی میں آپ کا بھی نام مقرر فرمایا تھا۔ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں حضرت زبیرؓ بڑھاپے کی عمر میں داخل ہو چکے تھے، اس لئے خاموشی سے باقی زندگی بسر کر دی۔ حضرت عثمانؓ آپؓ پر بہت اعتماد کرتے تھے۔ ایک بار حضرت عثمانؓ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جہاں تک میرا علم ہے وہ سب سے بہتر ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ کو بھی بہت زیادہ پیارے تھے۔

(مجمع الزوائد جلد 9ص 150)

35 ہجری میں فتنہ پردازوں نے حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کر لیا۔ تو حضرت زبیرؓ نے اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہؓ کو خلیفہ وقت کی حفاظت کے لئے بھجوایا۔

جنت کی بشارت

آپ نہایت اعلیٰ اخلاق کے مالک انسان تھے حضرت زبیرؓ کو رسول اللہ ﷺ نے آپ کی زندگی میں جنت کی بشارت دی تھی اور وہ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔

حضرت زبیرؓ نے 36ھ میں 64 برس کی عمر میں جام شہادت نوش فرمایا۔ ایک دفعہ رسول کریم ﷺ، ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ اور زبیرؓ کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھے۔ اس میں حرکت پیدا ہوئی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے حراء! تھم جا کہ تجھ پر سوائے نبی، صدیق اور شہید کے کوئی نہیں۔

(فتوح البلدان ص 220)

حضرت زبیرؓ فرمایا کرتے تھے کہ میرے جسم کا کوئی عضو ایسا نہیں جو رسول اللہ ﷺ کی معیت میں زخمی نہ ہوا ہو۔

(بخاری کتاب المناقب باب مناقب الزبیرؓ)

خشیت الٰہی

حد درجہ احتیاط اور خشیت الٰہی کا یہ عالم تھا کہ آپ آنحضرت ﷺ کی روایات بھی کثرت سے بیان نہیں کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ کے صاحبزادے حضرت عبداللہؓ نے عرض کیا کہ دیگر صحابہ کی طرح کثرت سے احادیث کیوں بیان نہیں کرتے فرمایا جب سے اسلام لایا ہوں رسول اللہ ﷺ سے جدا نہیں ہوا۔ مگر رسول اللہ ﷺ کی اس تنبیہ سے ڈرتا ہوں۔ کہ ’’جس نے میری طرف غلط بات منسوب کی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔‘‘

(مسلم کتاب الفضائل باب فضائل طلحہ)

خدا خوفی، حق پسندی، بے نیازی، سخاوت اور ایثار حضرت زبیرؓ کے خاص اوصاف تھے۔ اسکندریہ کے محاصرہ نے طول کھینچا تو آپ نے سیڑھی لگا کر قلعے کی فصیل پار کرنا چاہی ساتھیوں نے کہا کہ قلعے میں سخت طاعون کی وَبا ہے؟ آپ نے بے دھڑک فرمایا کہ ہم بھی طعن و طاعون کے لئے ہی آئے ہیں۔ پھر موت کا کیا خوف یہ کہا اور سیڑھی لگا کر دیوار پر چڑھ گئے۔ (ترمذی کتاب المناقب)

حضرت زبیرؓ کو رسول اللہ ﷺ نے جو حواری رسول کا لقب عطا فرمایا تھا۔ آپؐ کے اس ساتھی میں رسول کریم ﷺ کے پاکیزہ اخلاق جلوہ گر تھے۔ امانت و دیانت کا یہ عالم تھا کہ لوگ کثرت سے امانتیں آپ کے پاس رکھتے تھے۔

فیاضی وعطا

حضرت زبیرؓ مالدار انسان تھے۔ مگر اس سے کہیں بڑھ کر وہ فیاض تھے۔ آپؓ کے ایک ہزار غلام تھے جو روزانہ اجرت پر کام کر کے خاص رقم لے کر آتے تھے مگر کبھی آپؓ نے یہ مال اپنے اوپر خرچ کرنا پسند نہ کیا بلکہ جو آتا وہ خدا کی راہ میں صدقہ کر دیتے۔

اصل ذریعہ معاش تجارت تھا۔ مال غنیمت سے بھی اس بہادر مجاہد نے بہت حصے پائے۔ آپ کے تمام اموال کا تخمینہ اس زمانے میں پانچ کروڑ دو لاکھ درہم مکانات اور جائیداد غیر منقولہ کی صورت میں تھا۔ رسول کریم ﷺ نے بھی آپ کو مدینہ میں ایک وسیع قطعہ برائے مکان اور بنی نضیر کی اراضی میں سے بھی ایک قطعہ زمین عطا فرمایا تھا۔

(ابن سعد جلد 3 ص 107)

مقام جُرف اور وادی عقیق میں بھی آپ کی جاگیر تھی۔ جو حضرت ابوبکرؓ نے عطا کی تھی۔

تربیت اولاد

اولاد سے بہت محبت تھی اور ان کی تربیت کا بہت خیال رکھتے تھے۔ اپنے نو بیٹوں کے نام بدر اور احد میں شہید ہونے والے بزرگ صحابہ کے نام پر رکھے جیسے عبداللہؓ، حمزہؓ، جعفرؓ۔ اس تمنا کے اظہار کے لئے کہ خدا کی راہ میں قربان ہو جائیں۔

(ابن سعد جلد3 ص 107)

اور ان میں بھی اپنی طرح شجاعانہ رنگ پیدا کرنا چاہتے تھے۔ جنگ یرموک کے وقت حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی عمر صرف دس سال تھی۔ حضرت زبیرؓ انہیں جنگ میں ساتھ لے گئے اور گھوڑے پر سوار کر کے میدان جنگ میں ایک آدمی کے سپرد کیا۔ تا کہ جنگ کے ہولناک مناظر دیکھ کر ان میں جرأت پیدا ہو۔ اسی تربیت کا اثر تھا کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ اپنے وقت کے بہادر اور شجاع انسان ٹھہرے۔

آپ کی طبیعت میں سادگی تھی۔ مال و دولت کی فراوانی کے باوجود اسراف کی طرف مائل نہیں ہوئے۔ البتہ آلاتِ حرب کا بہت شوق تھا۔ جو یقیناً جہاد کی محبت کی وجہ سے تھا۔ مسلمانوں کی باہمی جنگوں کے دوران ایک ظالم نے آپ پر حملہ کر کے شہید کر دیا۔ حضرت علیؓ کو اس کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ زبیرؓ کے قاتل کو جہنم کی خبر دے دو۔

اس طرح حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں امید کرتا ہوں کہ طلحہؓ اور زبیرؓ ان لوگوں میں سے ہیں جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ہے کہ ...... (الحجر:47) کہ ہم ان (جنتیوں) کے سینوں سے کینہ نکال باہر کریں گے۔ وہ آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے بھائی بھائی ہوں گے۔

حضرت زبیرؓ کی وفات پر حضرت حسانؓ بن ثابت نے اپنے اشعار میں ان کو خوب خراج تحسین پیش کیا ہے۔

اَقَامَ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ وَهَدْیِهٖ
حَوَارِیُّهٗ وَالْقَوْلُ بِالْفِعْلِ یَعْدِلُ
هُوَالْفَارِسُ الْمَشْهُوْرُ وَالْبَطَلُ الَّذِیْ
یَصُوْلُ اِذَا مَا کَانَ یَوْمٌ مُحَجَّلٗ
اِذَا کَشَفَتْ عَنْ سَاقِهَا الْحَرْبُ حَشَّهَا
بِاَبْیَضَ سَبَّاقٌ اِلَی الْمَوْتِ یَرْمُلٗ

(مجمع الزوائد جلد 9ص 151)

یعنی کہ حواری رسول ﷺ حضرت زبیرؓ نے نبی کریم ﷺ کی سنت اور آپ کے عہد پر خوب قائم رہ کر دکھا دیا اور وہ قول کو فعل کے برابر کرتے تھے یعنی جو کہتے تھے اس پر عمل کرتے۔ وہی مشہور شہ سوار اور بہادر انسان تھے کہ جب دن روشن ہوتا تو وہ حملہ آور ہوتے تھے۔ (رات کو حملہ نہ کرتے) جب جنگ میں گھمسان کا رن ہوتا تو وہ اسے دہکا کر سفید کرتے اور دوڑتے ہوئے پہلے موت کی طرف بڑھنے کی کوشش کرتے۔

حضرت زبیرؓ بیان کرتے تھے کہ رسول کریم ﷺ نے میرے لئے اور میری اولاد کے لئے بھی دعا کی تھی۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا ’’تم میں سے جس کا واسطہ زبیر سے پڑے تو زبیر اسلام کا ستون ہے۔

(منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند جلد 5 ص 68)

چائے اور کافی سے تکالیف

فلورک ایسڈ۔ سلفر

ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل سے ماخوذ:۔

’’فلورک ایسڈ میں ......رات کے وقت بستر میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔ تپش محسوس ہوتی ہے۔ نتیجۃً مریض ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارتا ہے۔ سلفر میں گرمی کے احساس کے باوجود مریض پانی سے متنفر ہوتا ہے لیکن فلورک ایسڈ والے مریض کو ٹھنڈا پانی پسند ہوتا ہے۔......فلورک ایسڈ کی ایک علامت اسے ...... سلفر سے ممتاز کر دیتی ہے یعنی فلورک ایسڈ کے مریض چائے اور کافی سے بہت جلد اثر قبول کرتے ہیں اور یہ مشروب ان کے مزاج کے موافق ثابت نہیں ہوتے۔ ان کی نیند اڑ جاتی ہے یا دوسری تکلیفیں شروع ہو جاتی ہیں‘‘۔

(صفحہ:390)

مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

پنجابی، اردو کے رابطے کی کہانی

کتاب ''امثال'' از حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کا تعارف

حضرت مسیح موعود کے بڑے بیٹے صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب ریونیو ممبر سٹیٹ بہاولپور نے یوں تو 60 سے زائد کتب تصنیف فرمائی ہیں اور برصغیر پاک و ہند کے رسائل میں بلند پایہ سینکڑوں مضامین شائع ہوئے۔ ذیل میں ان کی ایک کتاب '' امثال'' کا ذکر کرنا مقصود ہے۔ اس کی تاریخ اشاعت یکم مئی 1911ء ہے اور صادق انوار سٹیم پریس بہاولپور سے طبع ہوئی۔ قیمت فی جلد 8 آنے صفحات 385 ہیں۔ کتاب کے نام سے ظاہر ہے ضرب الامثال کو اکٹھا کیا گیا ہے۔ اس پر فلسفیانہ رنگ پر بحث کی گئی ہے اور آخر پر کچھ پنجابی ضرب الامثال مع ترجمہ دی گئی ہیں۔

کتاب کے آغاز میں درج ذیل عنوان کے تحت تحریر ہے

پنجابی اور اردو میں جو نسبت ہے اس پر کچھ اور

کتاب ہذا کے آخر حصہ میں جس قدر کہاوتیں پنجابی زبان کی درج کی گئی ہیں ان کے پڑھنے سے ناظرین یہ معلوم کر سکیں گے کہ پنجابی اور اردو زبان میں کیسی نسبت اور کیسا تعلق ہے سرسری نظر سے بھی اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ پنجابی اور اردو میں بہت ہی قریبی نسبت ہے اگر ایک شخص غیر ملک غیر زبان کے سامنے دونوں زبانوں کے الفاظ فقرے اور جملے بولے جائیں تو وہ شخص محض تلفظ ہی سے بلا اس کے کہ معانی پر غور اور عبور کرے یہ سمجھ جائے گا کہ یا تو یہ ایک ہی زبان ہے یا ان دونوں میں ایک ایسی نسبت ہے جو انہیں ایک ثابت کرنے کے واسطے بجائے خود ایک کافی دلیل ہے۔

یہ بات ماننے کے قابل ہے کہ موجودہ سب زبانوں ہندوستان کے مقابلہ میں جو نسبت اور جو علاقہ پنجابی کے ساتھ اردو کا ہے وہ کسی اور زبان کو حاصل نہیں۔ اس کے وجوہ بھی ہیں۔

اپنے عہد میں جب آریہ قومیں بعض ایشیائی حصوں سے یورش یا ہجرت کر کے ہندوستان میں آئیں تو ان سب کا راستہ پنجاب ہی تھا۔ پنجاب سے گزرے بغیر وہ ہندوستان میں (جسے اس وقت کسی اور نام سے تعبیر کرتے تھے) پہنچ ہی نہیں سکتی تھیں۔ جب آریہ قومیں ان راستوں سے گزریں اور کچھ اسی سرزمین میں رہ گئیں تو کچھ ان کی زبان کے الفاظ پنجاب میں رہ گئے اور کچھ خطہ پنجاب کے الفاظ اپنے ساتھ دوسرے حصہ ہندوستان میں لے جاتی رہیں۔

یہ فلاسفی تسلیم کر لی گئی ہے کہ جب قومیں دوسری قوموں اور دوسرے خطوں میں سے گزرتی ہیں تو خیالات کے ساتھ الفاظ کا بھی ان میں انتقال ہوتا ہے اس اصول کی پابندی سے کچھ اس وقت کے خطہ پنجاب نے زبان کے متعلق آریوں سے لیا اور کچھ آریوں نے ان سے حاصل کیا وہ ان کے ساتھ ساتھ ہی ملک کے دوسرے حصوں میں جاتا رہا۔

یہ افسوس کی بات ہے کہ اس وقت کی کوئی مستند تاریخ نہیں ملتی ورنہ ثابت ہو جاتا کہ ہر دو صورت ہائے متذکرہ بالا میں کن کن الفاظ کا تبادلہ اور انتقال ہوا تھا۔

آریوں کے نقش قدم پر جب ایرانی اور افغانی قومیں پنجاب کے راستہ ہندوستان میں وارد ہوئیں تو ان سے بھی پنجاب نے الفاظی رنگ میں بہت کچھ حاصل کیا۔ اور بہت کچھ ان قوموں نے بھی پنجاب سے لیا۔ اور جو کچھ ان قوموں نے لیا تھا وہ اسے دلی، قنوج، الہٰ آباد وغیرہ کی جانب رفتہ رفتہ ساتھ لے جاتی رہیں۔

اگرچہ ملک کے اور حصوں میں بھی فاتح قوموں کا گزر ہوتا رہا۔ مگر جس قدر پنجاب آمد و رفت کے خیال سے تختہ مشق رہا اس قدر کوئی اور ملک نہیں رہا ہے یہی وجہ ہے کہ سوائے پنجاب کے اور کسی زبان یا بولی سے اردو کا اس قدر الحاق نہیں ہے۔

رفتہ رفتہ دونوں زبانوں کے الفاظ میں ضرورت صحت، لطافت، بلاغت اور فصاحت کے اعتبار سے تصرف کیا جانا شروع ہوا۔ جو نسلیں اور جو قومیں پنجاب سے آگے گزرتی گئیں ان کی حالت نسبتاً چونکہ زیادہ فارغ البال اور مرفہ الحال ہوتی گئیں اس واسطے انہیں زبان کی صفائی اور شستگی کا خیال بھی دامن گیر ہوتا گیا۔ اگرچہ اور ملحقہ زبانوں سے بھی ان قوموں اور ان لوگوں نے بہت کچھ لیا اور بہت کچھ انہیں دیا بھی۔ مگر خصوصیت پنجاب یا پنجابی زبان سے ہی رہی۔ مرہٹی، گجراتی، تامل، وغیرہ زبانوں سے گو سابقہ پڑتا رہا۔ مگر ان کے ساتھ زبان زیر بحث کا کوئی گاڑھا تعلق نہ پیدا ہو سکا۔

امثالہ مندرجہ اس کتاب سے بآسانی یہ عقدہ حل ہو سکتا ہے کہ ان دونوں زبانوں میں کیا نسبت ہے اور اردو کی اصلیت کیا ہے۔

زبانوں کے اتحاد الحاق پر باعتبار ابتدائی حالت 2-اشتقاق۔ 3- تلفظ۔ 4- معانی۔ 5- لہجہ استدلال کیا جاتا ہے۔ ان امور خمسہ کے اعتبار سے جو رشتہ پنجابی زبان کا اردو سے یا اردو کا پنجابی سے ہے۔ وہ اور کسی سے نہیں ہے۔ اور جس قدر شد و مد سے ایک ملک کی کہاوتیں اس امر پر روشنی ڈال سکتی ہیں اور کوئی چیز نہیں ڈال سکتی۔

ہم چند کہاوتوں کے مقابلہ سے مختصر جتلاتے ہیں کہ پنجابی اور اردو میں کس قدر الحاق اور اتحاد ہے

(ا) اللہ رکھے تے کون مارے

اس کہاوت میں اردو نے صرف یہ تصرف کیا کہ بجائے (تے) کے ''تو'' کر دیا یا تو اس وجہ سے کہ ''تے'' کا تلفظ ثقیل تھا۔ اور یا اس وجہ سے کہ تو بمقابلہ اس کے فصیح تھا۔

(ب) اللہ دتیاں گاجراں تے وچے رنبا رکھ

اس میں ''دتیاں'' کے بجائے اردو میں ''دیں'' اور گاجراں کے بجائے گاجریں ''تے'' کے بجائے تو ''وچے'' کے بجائے درمیان اور ''رنبا'' کے بجائے گھر پہ رکھ دیا۔ بظاہر یہ ماننا پڑے گا کہ جو کچھ تبدیلی کی گئی ہے وہ دو جہت سے ہے۔

ا۔ بہ جہت لطافت، بلاغت اور فصاحت

ب: بہ جہت تعبیر اسمائے اشیاء

جن لوگوں نے مختلف زبانوں اور ان کے اصلاحی طریقوں کا مطالعہ کیا ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ ایسی ضرورتوں کی وجہ سے ہمیشہ ایک زیر بحث زبان کی درستی اور صحت کا خیال عملی رنگ میں اپنا احساس کراتا ہے۔ اس ضرب المثل میں جس قدر الفاظ تبدیل کئے گئے ہیں وہ فی الواقع لطافت، فصاحت، ملائمت میں بمقابلہ پہلے الفاظ کے وزن دار ہیں

آٹے نال مطلب ناں خرششے سے

